مجھ سے آرش نے جان بوجھ کر اپنی طرف اشارہ کیا

مگر وہ اس سے پہلے ہی چکن میں جا چکی تھی وہ اس کے پیچھے ایسے نکلا تھا

جسے برسوں کی شناسائی ہو سامنے سے حدی کی ماما آرہی تھی آؤ آؤ بیٹا ناشتہ تیار ہے او

تم بھی کھاؤ بیٹھو

وہ آرش کو سامنے کرسی کی طرف اشارہ کرتی ہوئی کچن میں دوبارہ چلی گئیں حدی

چائے لے کر ڈائیٹنگ ٹیبل پہ آئی تھی مگر اسے سامنے بیٹھے دیکھ کر اس کا موڈ خراب

ہوا تھا

وہ چائے ابھی رکھ ہی رہی تھی کہ آرش کے پیر آگے کرنے کی وجہ سے وہ دور ہٹی

تھی مگر چائے جو اس کے ہاتھ میں رکھی ٹرے میں تھی وہ ٹرے سے پھسل کر

سیدھی آرش کی گود میں گری تھی اور آرش کی چیخ پورے گھر میں گونجی تھی

ہائے میں مر گیا اور لو مجھ سے پنگے وہ ماما کے پیچھے چھپی کھڑی اسے آنکھیں دکھا رہی

تھی وہ شرمندہ کیا ہوتا

دیکھیں آنٹی آپ کی بیٹی کو میرا یہاں آنا اچھا نہیں لگا تبھی مجھے جلادیا وہ کچن میں کھڑا اپنی شرٹ پہ گیلا کپڑا بار بار لگا رہا تھا

نہیں نہیں بیٹا حدی بہت معصوم بچی ہے میری یہ تو اپنے دشمنوں کو بھی دکھ نہیں دیتی

آپ تو اسے جانتے بھی نہیں ہو جی معصوم ہے بہت وہ منہ ہی بڑ بڑاتا باہر آ کر ڈائینگ پہ آ بیٹھا کیا ہوا بیٹا جی وہ چائے گر گئی تھی مجھ سے تو میں جل گیا تھا زیادہ گرم تھی چائے سوری اب ٹھیک ہوں اسے جلن کا احساس تو ہو رہا تھا مگر بچت ہو گئی تھی

چلو ناشتہ شروع کرتے ہیں جی جی ضرور

آرش بیٹا آپ پراٹھا لو ناں تمھیں بہت اچھا لگے گا یہ ناشتہ

اس نے ہاف سے زیادہ پراٹھا کھایا تھا وہ واقعہ ہی اسے بہت اچھا لگا تھا

اس نے ناشتہ ختم کرتے ہی اپنے ہاتھوں کو نیپکن سے صاف کیا اور

اشرف غنی کا ناشتہ ختم ہونے کا انتظار کرنے لگا

آرش مجھے تم سے کم از کم اس بے رحمی کی امید نہ تھی

سمیہ رمضان نے اسے کال کی تھی

ایم سوری موم مگر میں اسے اس حالت میں نہیں دیکھ سکا مجھ سے نہیں برداشت ہوا

اس کا جلا ہوا فیس اس کے ہاتھ پہ وہ آبلے موم مجھے کراہیت محسوس ہوتی ہے

اس کے سامنے یہ سب کچھ کرتا تو وہ کیسے برداشت کرتی موم

www.novelsclubb.com

اس سے اچھا ہوا کہ میں یہی آگیا اور مجھے معلوم ہے آپ اور ڈیڈ یہ سب سنبھال لیں گے

شٹ اپ آرش شٹ اپ وہ آج پہلی بار غصے سے چیخی تھیں آرش پہ آج انہیں حقیقتاً غصہ آیا تھا

کون سی کمی چھوڑ دی میں نے ہاں مجھے جواب دو میں نے ہر دعا میں تیرے نیک سیرت ہونے کی دعا کی

تمھیں سورت یاسین پڑھ پڑھ کر صراط مستقیم پر گامزن ہونے کی دعا دیتی رہی پھر کیسے تم بھٹک گئے ہو

کیسے انسانیت ختم ہو گئی ہے تمھارے اندر

وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دیں موم آپ ریسٹ کریں جزباتی نہ ہوں میں آپ کو کال کروں گا بعد میں آپ ٹھنڈے دماغ سے سوچیں گی تو میں مجھے سمجھ جائیں گی مگر ابھی آپ بس ایک ہی رخ کو دیکھ رہی ہیں

اس نے کال ڈسکینیکٹ کر دی

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تم نے مجھ سے کیوں چھپایا ہانی میں تین ماہ سے اسے پکار رہی تھی اسنے یک بار بھی جواب نہیں دیا میں سمجھ گئی تھی کچھ غلط ضرور ہے

مگر مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی تم مجھ سے چھپاؤ گی

دونوں اپنے اپنے دکھ رو رہی تھیں

ہانی کے دل میں جو کسک محبت کی رہ گئی تھی وہ بھی ختم ہو گئی تھی

ہائے گرلز سب ٹھیک ہے ناں یہ موتی خوشی کے ہیں یا کوئی اور غم ستا رہا ہے وہ

دونوں مسکرائی تھیں دکھ سے

ہمدان کی باتوں پہ وہ کیسے جان لیتا تھا اس کے اندر باہر کا موسم

وہ جب بھی رونے لگتی ہمدان اجاتا تھا کیا اس شخص کو پتہ چل جاتا ہے میں۔ کب روتی ہوں کب اداس ہوتی ہوں وہ ہر وقت میرے آس پاس کیوں منڈلاتا ہے کیا یہ میرا وہم ہے

www.novelsclubb.com

یا پھر وہ ایک ڈاکٹر ہونے کے ناتے اپنی ڈیوٹی نبھا رہا ہے

کہاں کھو گئی ہیں آپ اب تو آپ بلکل ٹھیک ہیں اور ڈسچارج ہونے والی ہیں جلد

ادھر سے انشاللہ

جی تو پھر آپ بھائی یہاں کیوں آئے ہیں اچھا ہانی یہ میری ڈیوٹی ہے میں ڈاکٹر ہوں

تم بھول گئی ہو کیا اور وہ کھلکھلا کر ہنس دی تھیں

ہمدان کی خواہش پوری ہو گئی تھی

سمیہ بہن میری بیٹی میرے پہ بوجھ نہیں ہے وہ اب آپ کے گھر کبھی نہیں آئے گی

میں اس کے استقبال کی تیاریاں خود ہی کر لوں گا تو کیا وہ اب میری بیٹی نہی۔ہے

یہ آپ مجھ سے بہتر جانتی ہیں آپ اب ہمارے ہاں آرش کے ساتھ تشریف لائیے

گا وہ اتنا خود غرض ہو گا

مجھے معلوم ہوتا تو میں کبھی بھی آپ کو اپنی بیٹی نہ دیتا

حدی کے گھر آنے کے بعد وہ صدقہ خیرات کر رہے تھے

مگر سمیہ کو رمضان کریم نے بھیجا تھا کہ اس کے صحت یاب ہونے کی خوشی کی وجہ سے وہ اس کا استقبال کرے گئے مگر اشرف غنی کا جواب سن کر وہ وہ چپ سی ہو گئ تھیں

بھائی صاحب مجھ سے بہت بڑی غلطی ہو گئ ہے

شاید میری ہی پرورش میں کوئی کمی رہے گئ ہے

میرا بیٹا ایسا بھی ہو سکتا ہے میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی یہ میرے بندھے ہوئے ہاتھ ہیں مجھے معاف کر دیں

نہیں بہین آپ کا تو کوئی قصور نہیں ہے بس مجھے معاف کر دیں میں ہی کچھ زیادہ بول گیا

www.novelsclubb.com

وہ اٹھ کر جانے لگیں تھیں جب ایک سائیڈ کو چھپاتی حدی اندر آئی تھی جو کب سے

ان دونوں کی باتیں سن رہی تھی آنٹی یہ امانت لیتی جائیں اپنے بیٹے کی

وہ اپنی شہادت کی انگلی سے ڈائمنڈ کی وائٹ نگ والی رنگ اتار کر بولی تھی

نہیں حدی یہ تم اپنے پاس رکھو میں دوبارہ آؤں گی اداکارہ کے ساتھ آؤں گی

اس نے مجھ سے ایسی کوئی بات نہیں کی وہ یہاں سے اس لیے چلا گیا ہے

کیوں کہ اس سے تمھاری یہ حالت نہیں دیکھی گی اُس نے مجھ سے خود کہا ہے

تم اس کی طرف سے بدگمان نہ ہو آنٹی میں تین منتھ ہاسپٹل رہی ہوں اور وہ تین

منتھ میں ایک دفعہ بھی آنا تو دور کی بات ایک کال تک نہیں کر سکا

آپ لیں جائیں یہ رنگ مجھے اب اس کی ضرورت نہیں رہی

بچے جان چیزوں سے بیزار ہو گئی ہوں اب میں ان کا بوجھ اور نہیں اٹھا سکتی

سمیہ رمضان سر جھکا کر باہر نکل گئی تھیں

www.novelsclubb.com

کیا اولاد کی وجہ سے اتناذلیل بھی ہوناپڑتا ہے

وہ گاڑی میں مسلسل روتے ہوئے آرش کو کال بھی ملارہی تھیں

مگر وہ کال نہیں پک کر رہا تھا اس نے کا کرنا بند کر دیا اور سیٹ کی بیک سے سر ٹکا لیا

ہمدان بھائی مجھے حدی کے گھر جانا ہے اس کی آج سالگرہ ہے

کیا آپ مجھے وہاں ڈراپ کر دیں گے ابھی جانا ہے

تم نے گڑیا مجھے پہلے بتایا ہی نہیں ورنہ میں بھی اس کے لیے کوئی گفٹ لے لیتا ہم راستے میں لے لیں گے مجھے بھی ابھی لینا ہے مجھے یاد نہیں تھا وہ تو آنٹی نے کال کر کے بتایا ہے اچھا چلو پھر فٹافٹ مجھے کام سے جانا ہے ایک اچھا میں ابھی سکارف اور پرس لے کر آتی ہوں

www.novelsclubb.com

اسلام و علیکم تم نے تو چکر ہی نہیں لگایا مجھ سے بھی سارے رشتے توڑ دیے ہیں کیا

نہیں ہانی اب کہیں جانے کو دل ہی نہیں کرتا کہیں چلی بھی جاؤں تو لوگ اتنی

ہمدردی دکھاتے ہیں ترس کھاتے ہیں مجھ پہ اور مجھے احساس دلاتے ہیں میرا چہرہ کیا

جلا ہے جہاں لوگ ماشاءاللہ کہتے نہیں تھکتے تھے وہ اب استغفراللہ کہتے نہیں تھکتے

سال ہونے والا ہے مگر ایسے لگتا ہے آج بھی ہرے ہیں زخم میرے ابھی کا ہی تو

واقعہ ہو جیسے

اونہوں اونہوں ہمدان پیچھے پیچھے سے آتا ہوا کھنکارا تھا

اندر بھی آنے دو گی یا یہی سے چلتا کرو گی ویسے تم نے کب سے میری پوسٹ

سنبھال لی ہے کون سی پوسٹ بھائی سیکریٹ ہے کون سا سیکریٹ ہے آنٹی بھی آگے

ہوئی تھیں

وہ آنٹی کچھ نہیں بس مزاق کر رہا تھا

میں بتاتی ہوں ماما میں نے فرسٹ ڈے ہانی کے گھر پہ ہمدان کو گیٹ کیپر کیا تھا آج

میں نے دروازہ کھولا تو

اس لیے قہقہ لگایا تھا سب نے اس کے ساتھ مل کر

سالگرہ مبارک ہو حدی آؤ بیٹا کیک کاٹتے ہیں مجھے تھوڑی جلدی ہے میں چلتا ہوں

ارے نہیں بیٹا تم اب کیک کھا کر جانا

ہمدان درانی کی نظر بار بار پرپل لونگ فراک میں ہلکے سے میک اپ میں نظر لگ جانے کی حد تک کیوٹ لگ رہی تھی

جانے کو دل تو نہیں چاہ رہا بھائی بیٹھ جائیں ناں آنٹی اتنا اصرار کر رہی ہیں

www.novelsclubb.com

اچھا بھائی دو دو خوبصورت گرلز مجھے روک رہی ہیں تو رک جاتا ہوں

ہمدان کو موقع نہیں مل رہا تھا حدی کی تعریف کرنے کا سو دونوں کی ہی کر دی تھی

مبادا آنٹی برا مان جائیں

تم بہت رونق گاتے ہو بیٹا آتے جاتے رہا کرو ناں

ہانی کو بھی لے آیا کرو حدی تو اب کہیں باہر جاتی ہی نہیں اور اسے اکیلے چھوڑ کر جانا مجھے بھی مناسب نہیں لگتا

ماما حدی جو کچن میں تھی ماں کو آواز دینے لگی تھیں

آنٹی مجھے بہت ضروری سمینار میں جانا ہے میں کل ڈنر آپ کے ساتھ کروں گا پرامس اور ہانی تم ڈرائیور کے ساتھ گھر آ جانا اور چاہو تو رک جانا میں کال کر دوں گا

پھوپھو کو بائے گائز خدا حافظ

❤️ ❤️ ❤️

تم نے مجھے بہت زلیل کروایا ہے آرش سال ہو گیا ہے تم نے یہاں سے جیسے ناتا ہی توڑ لیا ہے آپ کو پتہ تو ہے سب پھر بار بار ایک ہی رٹ کیوں آرش میری مجبوری ہے کہ میں تمھیں کال کرتی ہوں تم میرے اکلوتے بیٹے ہو ورنہ میں کب کا تمھیں تمھارے حال پہ چھوڑ چکی ہوتی اتنا ہی خود کو بڑا کرو کہ تمھیں زمین آسانی سے نظر

آ سکے افففف موم آخر مسلہ کیا ہے تھک گیا ہوں میں یہ لیکچرز سن سن کر آپ۔

بتائیں کیا چاہتی ہیں آپ مجھ سے

میں تمھاری شادی کرنا چاہتی ہوں میں آرہا ہوں اگلے ہفتے اور آپ کے لیے ایک سرپرائز ہے میرے پاس اس بوڑھی ماں پہ ترس نہیں آتا موم آپ ماں ہیں تبھی تو آپ کے پاس آرہا ہوں ڈیڈ بھی بعضد ہیں واپسی پہ خیر اب آرہا ہوں آپ پریشان نہ ہوں ایک آپ ہی تو ہیں جن کی ہر بات سن لیتا ہوں ورنہ تو میں بات ہی سننا پسند نہیں کرتا دوسری بار کسی کی اچھا اچھا اب مسکے زرا کم لگاؤ مجھے رکھتی ہوں فون اب خدا حافظ آرش نوریز خوش ہوتا ہوا اٹینا کی طرف بڑھ گیا اسے پاکستان جانے کی خوش خبری سنانے

www.novelsclubb.com

❤️ ❤️ ❤️

حدی سپکینگ

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آرش ؟ایک لمحے کے لیے اسے لگا تھا کہ یہ لہجہ آرش نوریز کا ہوتا تھا جب وہ اسے کال کرتا تھا وہ ہمیشہ ایسے ہی مخاطب ہوتا تھا ڈھائی سال اس کے سنگ جینے کے خواب دیکھے تھے کیسے بھول جاتی میں ان خوبصورت ترین فریبوں ہمدان درانی بات کر رہا ہوں حدی اسے برا لگا تھا مگر وہ اگلے ہی پل خود کو سنبھال چکا تھا

جسموں کو چاک کر کے انہیں سینا اسے اچھے سے آتا تھا

پھر اپنا کیسے زخم نہ سی سکتا

کیا کر رہی تھی تم میں آج کل کچھ بھی نہیں کرتی آپ نے آج کیسے یاد کیا مجھے میں نے اپنا ہاسپٹل کا افتتاح کی ہے

اپنوں کے ساتھ شیئر کرنا چاہتا ہوں کل پارٹی ہے میرے نیو گھر میں آپ کو بھی انوائیٹ کرنا تھا تو کال خود کی برا تو نہیں لگا ناں تمھیں تم آؤ گی ناں ہاں میں کوشش کروں گی آنے کی ویسے مجھے کہیں آنا جانا اب اچھا نہیں لگتا آپ جانتے ہیں دوست

ہیں ناں ہم تینوں حدی پتہ نہیں ہمدان درانی اب مجھے رشتوں کی سمجھ ہی نہیں رہی

ایک کزن ہو کر دولت کی خاطر رشتہ توڑ گیا

ایک خوبصورتی میں داغ دیکھ کر چلا گیا اور دوستی مجھے کبھی لڑکوں سے کرنے کا تجربہ نہیں ہے

اچھا کل کے بعد تم مجھے بتانا کہ میں کس قابل ہوں

اوکے خدا حافظ اوکے بائے

وہ کال ڈسکنٹ کر گیا

❤️❤️❤️

ویلکم ٹو مائی ہوم حدی شکریہ

www.novelsclubb.com

حدی اپنا سی گرین میکسی سھنبالتی اندر آرہی تھی جب ساری نظریں اس کی جانب اٹھی تھیں چہرے کی ایک سائیڈ ڈھانپے وہ اپنی ماما اور پاپا کے ساتھ ایسے چل رہی تھی جیسے وہ ابھی کہیں گم ہو جائیں گے اور وہ اکیلی رہ جائے گی اس بھیڑ میں

ہمدان درانی آگے بڑھا تھا ان کے ویلکم کے لیے

حدی نے اپنے چہرے کو ہاتھ سے محسوس کیا

میں کتنی آسانی سے ہر رنگ میں سجتی تھی میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ مجھے یوں آپنا چہرہ چھپانا پڑے گا آؤ ناں حدی کیا سوچنے لگ گئی ہو کم آن ہم سب تمھارے ساتھ ہیں

اپنے آپ پہ بھروسہ رکھو ہم سب ساتھ ساتھ ہیں

وہ آگے بڑھ گیا اشرف غنی کے جاننے والے نظر تو وہ مسسز کو لے کر ادھر جا چکے تھے

حدی اکیلی بیٹھی تھی واہ تم یہاں چھپ کر بیٹھی ہو اور میں تمھیں ڈھونڈ رہی ہوں

ابھی میں گم نہیں ہوئی سمجھی ہانی کب سے یہاں بیٹھی ہوں محترمہ کہاں بزی تھیں

بائی داوے

یار میں آنٹی اور انکل کے ساتھ تھوڑی گپ شپ لگا رہی تھی ماما بھی ادھر ہی ہیں او

میں ملواتی ہوں تمھیں رہنے دو ہانی میں کیا کروں گی ان سے مل پاگل ہو تم بلکل او

مرے ساتھ

وہ اسے کھینچتے ہوئے لے کر جا رہی تھی جب اس کا دوپٹہ سر کا تھا اس کا چہرہ نمایاں ہوا

تھا ایک میز کے گرد بیٹھے ہمدان کے رشتے دار جو کب سے ناپسندیدگی کے ساتھ

اسے دیکھ رہے تھے

www.novelsclubb.com

وجہ ہمدان درانی تھا جو کب سے حدی کے ارد گرد منڈلا رہا تھا اور یہ بات تو وہاں

بہت سی ماؤں کو

اور بہت سی دوشیزاؤں کو پسند نہیں آئی تھی

وہ جو سجاد ھجا کر لائی تھیں۔آپنی بیٹیوں کو ان کو تھال میں سجا کر پیش کرنے

مگر اس لڑکی کو دیکھ کر سب کو اپنی محنت کھائی میں جاتی نظر آئی تھی

❤️❤️❤️

یہ کیا چاند میں تو داغ ہے

تبھی تو چہرہ ڈھک کر بیٹھی ہوئی تھی میں تو سمجھی بہن بڑی حیا شرم والی لڑکی ہے

مگر ایک سائیڈ سے اتنی بدصورت ہو گی اللہ معاف کرے

اچھا ہوا میں نے ابھی کوئی بات نہیں کی تھی

www.novelsclubb.com

ان دونوں کے قدم رکے تھے

حدی نے ہاتھ چھڑوایا تھا مگر ہانی نے مضبوطی سے پکڑ لیا

اس کی زرد پڑتی رنگت دیکھ کر ہمدان ان کی طرف آیا تھا کیا ہو رہا ہے یہاں

کچھ نہیں بیٹا ہم تو بس افسوس کر رہے تھے

واٹ ربش اس نے ٹیبل پہ ہاتھ مارا تھا

یہ حادثہ کیا ہم سب میں سے کسی کے ساتھ نہیں ہو سکتا ہم سب فرشتے ہیں کیا

آپ کے ساتھ ہو جائے آپ کے ساتھ

آپ کی اس بیٹی کے ساتھ اور آنٹی آپ کے بیٹے کے ساتھ ہو جائے تو اللہ نہ کرے

ہمدان تم اس لڑکی کی خاطر ہمیں باتیں سنا رہا ہے بد دعائیں دے رہے ہو آخر کیا لگتی

ہے یہ تمھاری اتنی ہمدردی کیوں دکھا رہے ہو

وہ جو سب کی طرف اشارے کر کے ان کو خوف خدا دلا رہا تھا

معاف کرنا مگر افسوس ہوا مجھے آپ لوگوں کی گھٹیا سوچ پہ بس بیٹا بس تم ہمیں

یہاں بے عزت کیے جا رہے ہو

www.novelsclubb.com

چلو سب ہمیں یہاں ایک پل نہیں رکنا اب کافی لوگ جمع ہو گئے تھے آسیہ خاتون

ناصر درانی بھی وہاں آگئے تھے پوچھیں اپنے لاڈلے سے

پارٹی کا ماحول سنجیدہ دیکھ کر ہمدان وہاں سے ہٹ گیا تھا وہ سیدھا لان کے پیچھے بنے

پول کی طرف گیا تھا

جہاں وہ دونوں پاؤں پھیلا کر بیٹھی خود کو ریلیکس کرنے کی کوشش کر رہی تھی

حدی رونے میں بزی تھی تو ہانی اسے چپ کروانے میں ہمدان چپ چاپ وہاں بیٹھا

تھا ہانی نے ہمدان کو دیکھتے ہی بولنا چاہا رہی تھی مگر ہمدان نے اسے چپ کروا کر وہاں

سے جانے کا اشارہ کیا

حدی اس نے اسے پکارا تھا آپ یہاں اس نے گھٹنوں سے سر اٹھایا تھا

کیوں رو رہی ہو واقعی آپ کو نہیں پتہ کیا

اب آپ بھی ہمدردی کریں گے چند جملے کہیں گے

اور چلے جائیں گے

کوئی میرے اندر کیوں نہیں جھانکتا میری تکلیف کیوں نہیں سمجھ آتی کیوں یہ سب

مجھ پہ اب ترس کھاتے ہیں

وہ سوچوں میں گم تھی

جب ہمدان نے ایک خوبصورت رنگ اس کی طرف بڑھائی تھی

مجھ سے شادی کرو گی حدی

ترس کھا رہے ہو مجھ پہ

نہیں چاہیے مجھے تم لوگوں کی کوئی بھی ہمدردی سمجھے تم میں کیا کھلونا ہوں جو چاہے

www.novelsclubb.com

میرے ساتھ کھیل لے

خالہ کے لیے اکیلا چھوڑ دو مجھے

اس نے رنگ کو ہاتھ مار کر پانی میں پھینک دیا تھا

اور خود بھاگتی ہوئی گیٹ سے باہر نکل گئی اس نے اپنے والدین کا بھی انتظار نہیں کیا

اور کہاں کا غصہ کہاں نکال دیا

ہمدان اسے پیچھے سے اشرف غنی نے آواز دی تھی

آپ یہاں ہاں بیٹا میں حدی کو ڈھونڈتا ہوا یہاں نکل آیا تھا

میں نے تمہاری اور حدی کی ساری گفتگو سنی ہے

تم پارٹی سے فری ہو کر کل میرے گھر آنا میں اب چلتا ہوں

آپ لوگوں نے کھانا کھایا ہاں بیٹا تمھارے والدین کے ساتھ مل کر مجھے بہت خوشی ہوئی ہے

www.novelsclubb.com

اللہ تمھیں خوش رکھے

میں چلتا ہوں

ٹیکسی کو روکتی وہ گھر کو روانہ ہو گئی تھی

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

رات کے اس وقت اکیلا سفر وہ رونے میں مسلسل مصروف تھی

❤️❤️❤️

تمھارا کیا بگاڑا تھا میں نے آرش نوریز

اچھا ہوا مجھے تمھاری اصلیت پہلے ہی سامنے آگئی

تمھارے لیے خوبصورتی ہی سب کچھ ہے میرا دل میرا من میری من کی سچائی

میرے جزبے کیا سب کچھ بے کار تھا

حدی کے چہرے سے محبت کی تم نے آرش نوریز تف ہے مجھے اپنی محبت پہ افسوس

ہے مجھے اپنی بے وقوفی پہ

www.novelsclubb.com محبت تو تھی ہی نہیں

محبت کی م کا بھی نہیں پتہ تمھیں اور تم دعویدار تھے محبت کے

میڈم آپ کا گھر آگیا ہے وہ پورے راستے سوچتی آئی تھی

اسے پتہ ہی نہیں چلا کہ کب وہ گھر پہنچ چکی تھی

❤️❤️❤️

موم یہ ٹینا ہے اور میں نے اس سے شادی کر لی ہے

اچھا کیا تم نے نے بیٹا کسی کی زندگی برباد کر کے تم نے شادی کر لی موم پلیز کچھ تو لحاظ کریں سمجھ آتی ہے اردو ٹینا کو

وہ کھانے سے فری ہونے کے بعد ڈرائینگ روم میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے جب سمیہ رمضان نے ٹینا کے سامنے ہی کلاس لے ڈالی

جب تمھیں ہماری کسی خوشی کی کوئی فکر ہی نہیں ہے تو کیوں آئے ہو یہاں شادی کر لی تھی تو یہاں آنے کی بھی کیا ضرورت تھی

www.novelsclubb.com

آرش میں روم میں جا رہی ہوں ایکسکوز می ایوری ون

میں بھی اپنے روم چلتی ہوں کہنے کو یہ میرا بیٹا ہے رمضان کریم مگر میری تربیت میں کوئی کمی رہ گئی ہے

موم آپ بیٹھیں تو سہی چھوڑو آرش تم اور کتنا اس بوڑھی ماں کو ستاؤ گے

جانے دو آرش اپنی موم کو تم ادھر میرے پاس آ کر بیٹھو

موم وہ چکرا کر گرنے والی تھیں جب آرش نے ماں کو سنبھالا تھا موم آنکھیں کھولیں کیا ہو گیا ہے آپ کو

ڈیڈ دیکھیں ناں موم کو کیا ہو گیا ہے

گاڑی نکالو تم ہاسپٹل لے چلتے ہیں وہ بھی بوکھلا گئے تھے

www.novelsclubb.com

ٹینا نیچے او جلدی موم اچانک بے ہوش ہو گئی ہیں واٹ

وہ نیچے آئی تھی مگر اس سے پہلے ہی آرش نوریز اور رمضان کریم نکل گئے تھے ربش اگر مجھے ساتھ نہیں لے کر جانا تھا تو کال ہی کیوں کی دو دن سے آئے ہوئے ہیں

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ایک سکینڈ بھی اس بڑھیا نے سکون نہیں جینے دیا اور آرش تو جیسے ننھا سا بچا ہوا سے اسے سمجھا رہی ہیں

چل خیر تم تو سو جاؤ اب کوئی فائدہ نہیں اسے کال کرنے کا

وہ عجلت میں ہاسپٹل پہنچے تھے ایک ایک رواں اس کا اپنی ماں کے لیے دعا گو تھا نرسسز سمیہ رمضان کو سٹریچر پہ ڈال کر ایمر جنسی روم میں لے گئ تھیں

ڈیڈ کیا ہو گیا ہے موم کو موم ٹھیک تو ہو جائیں گی ناں اللہ سے اچھی امید رکھو بیٹا پریشان نہ ہو دعا کرو اپنی ماں کے لیے

وہ ایک چھوٹی سی مسجد میں کھڑا تھا کیا میری دعا قبول ہو جائے گی میں حافظ ہوں میرے سینے میں اللہ کا قرآن ہے

میں نے اسے آج تک یاد رکھا ہوا ہے میرے اللہ کو میرا کوئی اور عمل نہیں۔ تو یہ تو پسند ہو گا ناں اور اسی کے صدقے مجھے میری موم واپس مل جائیں گی

وہ نماز کے لیے کھڑا ہوا مگر پورا جسم کانپ رہا تھا میں اتنا گنہگار ہو گیا ہوں کہ اللہ مجھے

اپنے سامنے کھڑے ہونے کی صورت میں بھی ٹھیک سے نہیں کھڑا ہونے دے رہا

وہ سجدہ میں گرا تھا نہ جانے کتنے آنسو کتنی دیر تک اس نے بہائے تھے

میں نے اپنی زات کے لیے اپنی ماں کو دکھ دیے ہیں مجھے معاف کر دے اللہ وہ پھر

گڑا گڑا یا کئی مرتبہ وہ سجدے میں جاتا پھر واپس اٹھتا پھر جاتا پھر اٹھتا

دل کو سکون ملا تھا اس نے اپنے آنسو سے تر چہرے کو اٹھایا تھا سامنے مسجد کے امام

صاحب کھڑے تھے

اللہ کو ندامت کے انسو بہت پسند ہیں بیٹا ان انسووں کو اپنے چہرے پہ مل لو یہ

قیامت کے دن تمھاری سفارش کریں گے

شکریہ امام صاحب میں اب چلتا ہوں وہ ہاسپٹل بھاگا تھا

ڈیڈ موم کیسی ہیں

وہ ٹھیک ہیں خطرے سے باہر ہیں انھیں انجائنا کا اٹیک ہوا ہے

آرش تم نے اپنی ماں کے ساتھ ساتھ مجھے بھی بہت مایوس کیا ہے ہماری۔ بھی کچھ

خوشیاں وابستہ ہیں تم سے تمہاری خوشی ے لیے ہم شرمندہ ہوئے آشرف غنی سے

بھی وہ بہت اچھے لوگوں کو تم نے تکلیف دی بہت منتھ تو تمھاری ماں اسے بھول ہی

نہیں پا رہی تھیں

اور ہانی بھی خواہش تھی ان کی مگر اس پہ بھی تمھاری خوشی کو قربان کر دیا پہلے

تمہاری شادی کو

لے کر وہ بہت ایکسائٹیڈ تھیں وہ اکیلی رہ رہ کر اکتا چکی ہیں بیٹا ہم دونوں کی فیملیز

میں ہم دونوں اکلوتے تھے

اور اب تم بھی اکلوتے ہو وہ تمھاری شادی جلدی کرنا چاہتی تھیں تا کہ تمھارے

بچوں کو کھلا سکے

www.novelsclubb.com

اسے دکھ تو ہو گا ناں بیٹا تم نے اتنی بڑی خوشی چھین لی ان سے اکیلے شادی کر لی اور موم ڈیڈ کو اس خوشی میں شریک کرنا بھی مناسب نہیں سمجھا

آپ کی پیشنٹ کو ہوش آ گیا ہے

جی شکریہ وہ کب سے باتیں کر رہے تھے جب ڈاکٹر نے انہیں سمیہ رمضان کے ہوش میں آنے کی اطلاع دی تھی

اللہ تیرا شکر ہے تو نے میری دعا سن لی وہ تشکر سے آگے بڑھا تھا

❤️ ❤️

ایک ہفتے کے بعد سمیہ رمضان چلنے کے قابل ہوئیں تھیں

www.novelsclubb.com

اس ایک ہفتے میں آرش نوریز کو اور کسی کا ہوش نہیں تھا وہ ماں کے ساتھ چھوٹے سے بچے کی طرح چپکا ہوا تھا

مگر ادھر ٹینا تلملا کر رہ گئی تھی

بھئی بیگم اب تو معاف کر دو آرش کو اتنا تو خیال اس نے خود کا نہیں رکھا جتنا وہ تمھارا رکھ رہا ہے

اچھا تو یہ بھی احسان ہے اس کا ماں کی فکر نہیں ہے اسے

ڈیڈ آپ موم کو پھر کیوں چھیڑ رہے ہیں میری ایک ہی تو ماں ہیں اچھا بیٹا میری بھی ایک ہی بیوی ہے اور وہ دونوں کھلکھلا کر ہنس پڑے

میں اسے اب ایک شرط پہ معاف کروں گی میں اس کا ولیمہ دھوم دھام سے کروں گی

اور ایک اور شرط ہے میری وہ کیا موم آپ جو بولیں گی مجھے قبول ہے تمھیں یہی اب میرے پاس رہنا ہو گا میں تمھیں اب پردیس نہیں جانے دوں گی

وہ ہنسا تھا او کے موم ڈن میں اب یہی آپ کے پاس رہوں گا

وعدہ کرو وعدہ موم وہ ان کے گلے میں بانہیں ڈال کر جھولنے لگا

ایسا سکون کبھی کئیں نہیں ملا موم جو آج آپ کی گود میں مل رہا ہے

چل ہٹ مکھن نہیں لگاؤ

آنٹی آنٹی ہانی نے کچن کے پاس کھڑے ہو کر آواز لگائی

ہانی کی آواز ہے ناں جی موم اسے اندر ہی بلا لو جی ٹھیک ہے

ہانی موم اندر ہیں آجاؤ

اے لڑکی رکو ٹینا کچن سے نکل کر باہر آئی تھی تم کون ہو اور یہ کیا ہے ہاتھ میں

ٹینا یہ میری میں نے تم سے نہیں پوچھا آرش اس لڑکی سے پوچھا ہے یہ کیا طریقہ ہے بات کرنے کا آپ میرے لیے پریشان نہ ہوں مس ٹینا ہانی کہہ کر رکی نہیں تھی کمرے میں چلی گئ

www.novelsclubb.com

اسلام و علیکم انکل آنٹی آپ بھی آج کل گھر ہی نظر آرہے ہیں آنٹی دیکھیں سب کو کتنی فکر ہے آپ کی ایک آپ ہیں کہ بستر ہی نہیں چھوڑ رہی ہاہاہاہاہا میں ٹھیک ہوں

اب بلکل الحمدللہ تم آج پھر کیا لائی ہو میں آپ کے مٹن سوپ لائی ہوں وہ بھی چٹ پٹا اچھا شکریہ یہ میری گڑیا کو میرا کتنا خیال ہے

بس کردو ٹینا وہ بچپن سے یہی پلی بڑھی ہے اور یہ ہانی ہے حد ی نہیں وہ ہمارے گھر نہیں آتی سمجھی تم آجاؤ تم بھی اندر سب سے گھلواں ملو گی نہیں تو یہاں ایڈجسٹ کیسے کرپاؤ گی

ایڈجسٹ کیا کہنا چاہتے رہے ہو ہم اسی ہفتے واپس انگلینڈ جارہے ہیں

اس ٹاپک پہ رات کو بات ہو گی ابھی میں باہر جارہا ہوں

تم بھی ارہی ہو تو آجاؤ کافی دن سے گھر میں بند ہو

تھنک گود تمھیں میرا ابھی خیال آیا

تمھارا کچھ نہیں ہو سکتا جلدی آجاؤ وہ خود کو ہشاش بشاش کرتا باہر نکل گیا

ڈاکٹر صاحبہ میں یہ بچہ ابھی نہیں چاہتی آپ پلیز مجھے کچھ ٹیبلیٹس دے دیں کیا بات کر رہی ہیں آپ میں ایسا ہر گز نہیں کر سکتی اور آپ اپنے بچے کو کیوں ختم کرنا چاہتی ہیں میری شادی کو ابھی چھ منتھ ہوئے ہیں مجھے ابھی اس جھنجٹ میں نہیں پڑھنا

اے لڑکی تم ایک مسلم لڑکی ہو

اور اللہ کو وہ عورت پسند ہے جو زیادہ بچے پیدا کرتی ہے

اور تمھارا تو پہلا بچہ ہے

اس کا احساس تو پہلے ماہ میں ہی شروع ہو جاتا ہے

لیکن آج کل کی نسل کو نا جانے کیا ہو گیا ہے

اول تو پانچ سال سے پہلے اولاد ہی نہیں چاہیے

اور اگر مجبوراً گر ہی لیں تو ان کو فیڈ آپ نہیں کروائیں گی

ہم بھی اسی سوسائٹی سے تعلق رکھتے ہیں

میں نے ایسی بچیوں کے گھر اجڑتے دیکھیں ہیں جن کی اولاد نہیں ہوتی

اور ایسی عورتوں کے گھر اجڑتے اجڑتے آباد دیکھیے ہیں جن کی اولاد ہو گی اچانک اللہ نے ان کے سسرال کا دل پھیر دیا

اللہ کا شکر ادا کرو اور جاؤ توبہ استغفار کرو ٹینا غصے سے پیر پٹختی باہر نکل آئی تھی

کیا ہوا جان آرش چلو یہاں سے آپ ایکسکوزمی مس اینڈ مسٹر آرش نوریز اٹھنے لگا تھا جب ڈاکٹر جوریہ محسن نے انہیں اشارے سے بٹھایا

آپ کی مسز ہیں یہ جی یہ میری وائف ہیں تو آپ کو مبارک ہو آپ کی وائف ماں بننے والی ہیں

www.novelsclubb.com

اوہ رئیلی ٹینا نے غصے سے ڈاکٹر کو دیکھا

آپ کا ماشاءاللہ بہت خوب صورت کپل ہے آپ کی اولاد بھی آپ کی طرح خوبصورت ہو گی انشاللہ

آپ ان کا اب بہت زیادہ خیال رکھیے گا جو سسز کا یوز

زیادہ کریں اور ملک کا بھی اگر آپ کو میڈیسن لینی ہے تو میں ریکمینڈ کر دیتی ہوں مگر اسے آفٹر فور منتھ سٹارٹ کرنا ہو گا

میں اس ڈاکٹر سے جتنی جان چھڑانے کی کوشش کر رہی ہوں یہ تو کچھ زیادہ ہی فری ہو رہی ہیں

مجھے ہی کچھ کرنا ہو گا

نہیں ڈاکٹر صاحبہ جب ابھی لینی ہی نہیں ہیں تو بعد میں ہی لے لیں گے بہت شکریہ آپ کا میرا دل خراب سا ہو رہا ہے میڈیسن کی سمیل سے تم جلدی چلو آرش

ہاں ہاں چلو ٹھیک ہے ڈاکٹر صاحبہ خدا حافظ

آپ کو ایک خوش خبری سنانی تھی آنٹی آپ دادی بننے والی ہیں

ان کے فیملی ٹرمز ہونے کی وجہ سے اس نے سمیہ رمضان کو فون کر کے سنادیا تھا اور

ان سب باتوں کا مقصد ٹینا کو اس اقدام سے روکنا بھی تھا

میں آج بہت خوش ہوں ٹینا ادھر اپنا ہاتھ دو

مجھے جی بھر کر چومنے دو اسے

مت چھڑوانا یہ ہاتھ آج مجھ سے

آر یو کریزی آرش تم نے مجھ سے پوچھا ہے میں کیا چاہتی ہوں

میری کیا خوشی ہے ہم نے کب پلان کیا یہ بے بی واٹ ربش ٹینا تمھیں ہو کیا گیا ہے

www.novelsclubb.com

اولاد کی خوشی کا کو نہیں ہوتی باپ سے زیادہ تو ماں کو ہوتی

اوہ شٹ اپ آرش نو ریز تم بھی ایک ٹیپیکل مرد نکلو گے میں نے سوچا بھی نہیں تھا

مجھے دس سال تک اولاد نہیں چاہیے سمجھے تم ابھی میری اپنی لائف سیٹل نہیں ہے

تو میں یہ کیسے گوارہ کر لوں کیا کہنا چاہتی ہو تم ہاں مجھے ابھی یہ اولاد چاہیے ہے

تم مجھے کچھ بھی سمجھو

اور سوچنا بھی مت کچھ بھی الٹا سیدھا

میں اگر محبت میں تمھاری ہر ضد مان سکتا ہوں تو اپنی خواہش منوا بھی سکتا ہوں میں

پاکستانی مرد ہوں اسے ٹیپیکل مرد نہیں کہتے بلکہ اس شریعت کے مطابق چلنا کہتے

ہیں تم نے مجھے اب تک سمجھ ہی لیا ہو گا

میں جتنا بھی آزاد خیال کیوں نہ ہو جاؤں

www.novelsclubb.com

میں اسلام کے دائرے سے نکل کر کچھ نہیں کرتا

تمھیں یاد ہو گی وہ کلب والی رات

تم نے مجھے ڈرنک کروائی تھی

مگر میں ڈرنک میں بھی ہوش میں تھا

تمھیں اپنے قریب ترین پا کر بھی میں بہکا نہیں تھا تمھیں چھوا تک نہیں تھا

اس سے دوسرے دن ہی تم سے نکاح کیا تھا

اور پورے حقوق کے ساتھ تمھیں چھوا ہے

اور یہ میرا بچہ ہے

ایک پاکستانی کا بچہ ایک مسلم کو زیب نہیں دیتا کسی مسلمان کا خون کرے

ایک قتل پوری انسانیت کا قتل ہے

پھر ٹینا یہ تو اپنی اولاد ہے

www.novelsclubb.com

آرش نے ٹینا کی بات بھی پوری نہیں ہونے دی تھی

جو وہ اس بچے کو ختم کرنے کی کر رہی تھی

اب کچھ کر سکتا ہوں تو اپنے بچے کے لیے دنیا الٹ سکتا ہوں

کیا بکواس کیے جا رہے ہو تم پاکستانی عورتوں کو ہوں ڈرا کر دھمکا کر چپ کروا سکتے ہو

بلکہ یہی وجہ ہے تم لوگ اپنی عورتوں سے دس دس بچے

تو پیدا کرواتے ہو مگر انہیں کیسے پالنا ہے یہ کبھی نہیں سوچتے

میں ٹینا ہوں آرش میری مرضی کے بغیر تم مجھے اب چھو بھی نہیں سکتے

میں دیکھتی ہوں پھر تم میرا کیا بگاڑتے ہو

پورا راستہ لڑتے جھگڑتے کٹ گیا تھا

اور سنو تمھارا دماغ درست بھی کر دوں گا اگر تم نے اس بچے کو کوئی نقصان پہنچائے

کا سوچا بھی تو سمجھی تم اس نے اس کے ہاتھ کو جھٹک دیا

اور سنو اب میری بات یہاں جو بھی تماشا کیا ہے میرے گھر والوں کے سامنے مت

کرنا ورنہ میں سب بھول جاؤں گا

تم مجھے نہیں سمجھاؤ گو ٹو ہیل

گیٹ بیل دینے سے پہلے ہی کھل گیا تھا بہت مبارک ہو بیٹا موم ٹینا کے گلے لگتی ہوئی مبارک بعد دینے لگی

اور پھولوں کے ہار پہناتے ہوئے بہت گلنار ہو رہی تھیں

موم کیا بات ہے آپ لوگ کا بات کی مبارک باد دے رہے ہو

ڈیڈ آپکی بتا دیں تم کیا سمجھے برخوردار تم نہیں بتاؤ گے تو کیا مجھے پتہ نہیں چلے گا

لو تم چم چم کھاؤ

ڈیڈ کا بات کی گدھے تم باپ جو بننے والے ہو

لو یہاں بھی ایک نیا ڈرامہ شروع ہو چکا ہے

www.novelsclubb.com

اکسکیسوز می ایوری ون

ٹینا ہار اتارتی پھینکتی یہ جا وہ جا

آرش کو فرسٹ ٹائم اپنی پسند پہ افسوس ہوا تھا

وہ والدین کے سامنے اتنا شرمندہ ہوا کہ دو بول بھی نہ بول سکا

محبت کی سودا بازی کرنے والا اپنی ہی پسند پہ شرمندگی محسوس کر رہا تھا

اپنی مرضی سے سب کو چلانے والا آج خود کو انتہا کا بے بس محسوس کر رہا تھا

وہ شرما گئی ہو گی بیٹا اور اسے پتہ بھی تو نہیں ہے

کسی بھی اونچ پنچ کا سمجھ جائے گی آہستہ آہستہ

تم چلو کھانا لگواتی ہوں کھا لو اور اسے بھی کھلاؤ

اس کا خیال رکھنا اب

جی موم میں پوری کوشش کروں گا

www.novelsclubb.com

وہ ماں اور باپ کے گلے میں بانہیں حائل کرتا اندر بڑھ گیا

ہانی سامنے ٹیرس پہ کھڑی یہ منظر دیکھ رہی تھی

اپنی آنکھوں سے دو آنسوؤں کو صاف کرتی وہ وہاں سے ہٹ گئی

❤️LRI❤️PDI LRI

میں غیر محرم کی محبت میں گرفتار کیسے ہو سکتی ہوں

میرا اس کا رشتہ ہی کیا ہے

میں نے دعویٰ نہیں کیا تھا مگر اس کی محبت میں گرفتار بھی کیوں رہوں ایسے شخص

کو مجھے اپنی آنکھوں سے

نوچ پھینکنا چاہیے

اپنے دل سے مار کر دفنا دینا چاہیے

اس کی یادوں کو آگ لگا دینی چاہیئے جو خوشی خوشی اس جلے ہوئے چہرے کے ساتھ

جو اپنا رہا ہے اسے اپنا لینا چاہیے

میرے والدین کی آنکھوں مٹ اداسی ٹھہر چکی ہے

مجھے اس امید کی جوت کو بجھنے نہیں دینا چاہئے

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آرش نوریز آگے بڑھ

گیا ہے تو حدی تمھیں بھی آگے بڑھ جانا چاہیے

محبت نہ سہی مجھے ہمدان سے مگر دل سے دعا تو نکلتی ہے

ہر پل میرا ساتھ دیا ہے اس نے

مجھے اندھیروں سے نکالنا والا ہے

ڈیڑھ سال بعد اس نے مجھ سے اسی لیے اپنے دل کا حال بیان کیا ہے تاکہ میں اسے کوئی ہمدردی یا ترس نہ سمجھوں

اس نے جب سے ہانی سے سنا تھا کہ آرش شادی کر کے آیا ہے اس کے دل سے آخری انتظار کی چنگاری بھی بجھ گئی تھی اس کو اس ٹینا کے ساتھ خوش دیکھ کر اس کے اندر سے محبت بھی مر گئی تھی وہ آئینے میں تیار ہوتی خود کو سمجھا رہی تھی

اپنے باپ کے ڈھلکے ہوئے کندھوں کو اسے مزید بوجھ ڈال کر جھکانے نہیں چاہیے

www.novelsclubb.com

وہ پہلے جیسی لاپرواہ حدیبیہ اشرف غنی بن کر نیچے اتری تھی

سامنے ہمدان اس کی ماں اور باپ بیٹھے تھے وہ اسے دیکھ کر کھڑا ہوا تھا حدی کا شرم سے سر جھک گیا تھا

اسے سمجھ ہی نہیں آئی تھی کہ وہ بیٹھے کہاں

آؤ حدی ادھر میرے پاس آکر بیٹھو

چلیں بھئی اب رسم شروع کرتے ہیں

ماما پاپا اور انکل میں پانچ منٹ حدی سے بات کرا۔ ایرا ہوں اگر آپ اجازت دیں تو

ہاں بیٹا ضرور وہ باہر لان میں چلے گئے تھے

www.novelsclubb.com

یہ پیکنگ کس لیے کر رہی ہو تم کہاں جا رہی ہو

میں واپس کینیڈا جا رہی ہوں

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ٹینا شاید تم نے سنا نہیں تھا کہ میں نے کیا کہا تھا

میں بات دہراتا نہیں ہوں مگر تم کیوں کہ بیوی ہو میری اس لیے ایک بار دہرا دیتا ہوں

میری ماں میرے ڈیڈ اکیلے ہو گئے ہیں یہاں میں اب یہی رہوں گا ہمیشہ اور جہاں میں رہوں گا وہاں میرے بیوی بچے بھی رہیں گے

لیکن میں آپ سے کوئی اگریمنٹ سائین نہیں کیا تھا کہ آپ جہاں رہیں گے میں وہاں ہی رہوں گی اور پاکستان تو بلکل نہیں میرا یہاں کوئی آنا نہیں رہتا میں اکیلی یہاں کیسے رہ سکتی ہوں اور تم اتنے خود غرض کیسے ہو سکتے ہو

مجھے جانے دو میری آج فلائٹ ہے شام کی ہم بعد میں۔ڈیسائیڈ کر لیں گے کہ ہمیں کیا کرنا ہے

تم کہیں نہیں جا رہی ہو سمجھی اس نے ٹینا کی کلائی پکڑ کر دانت میچے تھے اس نے

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

یہ ہونے والا بچہ یہی پیدا ہو گا اس نے اس کے ٹمی کی طرف اشارہ کیا

اور آج کے بعد مت کرنا یہ بے وقوفی مت اتنا آزماؤ اولاد جانور کی ہو یا انسان کی

اولاد ہر کسی کو چاہیے ہوتی ہے

تم میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے

آرش نوریز میں یہاں بھی بہت کچھ کر سکتی ہوں مجھے کمزور مت سمجھو عورت ہوں

تو کیا تم دبالو گے تم میں پولیس کو کال کر دوں گی

اور حبس بے جا کا کیس کر دوں گی

عورت ہو تو عورت کے ہی کام کرو یہاں کنیڈا جیسا اندھا قانون نہیں ہے

www.novelsclubb.com

یہاں آسلام کا سکہ چلتا ہے یہاں بچے کو مارنے کی اجازت قانون بھی نہیں دیتا اور

میاں بیوی کے درمیان خواہ مخواہ پولیس بھی نہیں آتی آرش اسے کندے سے پکڑتا

بیڈ پہ بیٹھتا باہر نکل گیا

مگر اس سے پہلے اس نے دراز سے کیز اٹھا کر باہر سے لاک کر کے نیچے چلا گیا

میں یہ کس مصیبت میں پھنس گیا ہوں

میں سمجھتا تھا

ٹینا بہت سمجھ دار

میچور لڑکی ہے

ہم آہنگ ہے میری

قدم سے قدم ملا کر چلے گی مگر اس میں تو انسانیت ہی نہیں ہے

میں نے اپنے ماں باپ دونوں کو تنہا کر دیا

www.novelsclubb.com

اپنی خواہشات کے پیچھے بھاگتا رہا یہ کبھی جان ہی نہ پایا کہ رشتوں سے سب کچھ ہوتا

ہے سکون روپے پیسے نہیں دیتے

شفقت کرنے والے ماں باپ ہوتے ہیں بہن تو کوئی تھی نہیں شاید اس لیے بھی میں کسی لڑکی کی عزت کو نہیں سمجھ سکا

یا پھر حدی سے محبت کر کے اسے خواب دکھا کر اس کی آنکھوں سے نوچ لیے میں نے خواب وہ مجھے اب بد دعا دیتے ہیں

مجھے حدی سے ہانی سے معافی مانگنی چاہیے

ورنہ یہ احساس ندامت مجھے رفتہ رفتہ ڈستا رہے گا

حدی کو یوں تن تنہا چھوڑ دینا مجھ میں کہاں کی انسانیت تھی

آج بھی تم اپنی مرضی سے ٹینا کو نہیں روک سکتے مگر وہ کنیڈا جا کر اپنی مانی کرے گی

آرش ٹیرس پہ کھڑا گھنٹہ بھر سے اوپر مسلسل سوچنے میں مصروف تھا جب سامنے کھڑی ہانی پہ اس کی نظر پڑی تھی ہائے ہانی کیسی ہو میں ٹھیک ہوں اور وہ کمرے میں مڑ گئی تھی

www.novelsclubb.com

LRI ❤️ PDI LRI ❤️ PDI LRI ❤️ PDI

تم مجھ سے شادی کے لیے تیار ہو یا پھر زبردستی راضی ہوئی ہو کیا ہے بھئی ڈاکٹر ہو

زمانہ شناس ہو گئے مگر آپ تو رتی بھر بھی کچھ نہیں جانتے اچھا چلو شادی کے بعد بتانا

میں کیا ہوں

سنو وہ پلٹی تھی جب ہمدان نے اسے پکارا تھا

آئی لو یو ٹو مچ حدی

اور اس کا جواب سنے بغیر اندر بڑھ گیا

مبارک بعد ک شور اٹھا تھا سب بہت خوش ہیں مگر حدی کے دل میں تو جیسے خزاں

کے موسم ٹھہر گئے تھے

مگر کوئی بات نہیں میرے والدین خوش ہیں مجھے اس سے بڑھ کر اور کچھ نہیں

چاہیے ہے

www.novelsclubb.com

ایک ہفتے کے بعد ہم اپنی بیٹی کو لے جائیں گے جی جی آپ کی اب امانت ہے حدی

اچھا اب اجازت دیں ہم چلتے ہیں بہت تیاریاں کرنی ہیں

میں بہت خوش ہوں تمہارے لیے حدی ہانی میری کوئی بہن نہیں ہے تم نے سب کچھ کروانا ہے مرے ساتھ مل کر

میں ہوں ناں تم فکر ہی مت کرو وہ شاپنگ سینٹر میں شاپنگ کر رہی تھیں جب ان دونوں کو کسی نے پکارا تھا

حدی کے پیر وہی جم گئے تھے ہانی اس شخص کو کہہ دو آئندہ میرا نام اپنے زبان پہ کبھی نہ لے میں نہیں جانتی اسے

تم چلو حدی یہاں سے ہانی اسے کھینچتی ہوئی لے گئی

اس نے خود کو بے بس پایا تھا

آرش تب تک دیکھتا رہا جب تک وہ آنکھوں سے اوجھل نہ ہوئی تھی

www.novelsclubb.com

حدی غائب دماغی سے گھر پہنچی تھی

ایک بار پھر بکھر گئی ہوں میں یا خدا مجھے ہمت دے مجھے حوصلہ دے میں اب کسی قسم کی تکلیف نہیں دینا چاہتی اپنے بوڑھے والدین کو میری وجہ سے اب انہیں اور کسی امتحان میں مت ڈالنا

دعاوں سے تقدیر بدلنے والے مری بھی بدل دے

یااللہ اب سب صحیح ہو

ہر بار میری شادی ٹوٹ جاتی ہے یااللہ اب ایسا نہ کرنا کبھی نہیں وہ گڑگڑا کر اللہ سے دعائیں مانگ رہی تھی

www.novelsclubb.com

نیا امتحان پھر سے شروع ہونے والا تھا

اب پتہ نہیں اور کتنے امتحان باقی تھے اس کی لائف میں

وہ سوچتے سوچتے روتے روتے سو گئی تھی

اس کے حلق میں جیسے کانٹے اگ آئے تھے

اسے بے حد پیاس لگی تھی کہاں جا رہے ہو تم آرش اس وقت مجھے پانی چاہیے پانی نہیں ہے جگ خالی ہے روم فریج سے لے لو مگر باہر اس وقت

میرا دم گھٹ رہا ہے میں آتا ہوں باہر سے ٹہل کر بھی تم آ رہی ہو تو آ جاؤ لان میں چلتے ہیں نہیں مجھے بہت نیند آ رہی ہے میں سونے لگی ہوں تم جاؤ

وہ سر تک بلینکیٹ اوڑھ کر دوبارہ سو گئی

فجر کی اذان ہو رہی تھی مگر آرش نوریز کی گبھراہٹ بڑھتی جا رہی تھی

مجھے کیا ہو رہا ہے میں اس قدر بے بس کیوں ہو رہا ہوں

میں حدی سے محبت نہیں کرتا تھا مجھے بس اس کے حسن سے مغرب تھی وہ اب نہیں رہا

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تو محبت بھی کیسی مجھے محبت ہوتی تو

مجھے اس سے کراہیت محسوس کیوں ہوتی میں دو سال اس کے بغیر نہ رہ لیتا نہیں

مجھے نہیں ہے محبت مگر اس کے اندر کوئی چیخ کر کہہ رہا تھا تمھیں اس سے محبت ہے

مجھے بس احساس ندامت ہے میں اس سے انکل آنٹی سے معافی مانگ لوں گا سب

ٹھیک ہو جائے گا

وہ سیدھا ان کے گھر پہنچا تھا

تم یہاں کیا کرنے آئے ہو اشرف غنی نے اسے دروازے پہ ہی دھر لیا تھا

آپ لوگوں سے معافی مانگنے آیا ہوں

ہم نے تمھیں معاف کیا مگر آئندہ کبھی ہمارے سامنے مت آنا تمھاری وجہ سے وہ

اس حال کو پہنچی

www.novelsclubb.com

جیسے ایک انڈہ تک نہیں ابالنا آتا تھا وہ تمھارے لیے تمھاری پسند کے کھانے بناتی رہتی تھی

اس دن بھی وہ تمھارے لیے ہی سب بنا رہی تھی ایک ایک چیز اپنے ہاتھ سے

مگر تم نے اسے دیکھتے ہی منہ پھیر لیا بلکہ بھاگ نکلے

جاؤ آرش جاؤ میری بیٹی کی سسکیاں آج تک بھول نہیں پائے ہم لوگ وہ سو رہی ہے

اور ہاں ایک اور بات

اس کی جمع کو بارات ہے خبر دار جو تم آس پاس بھی بھٹکے

www.novelsclubb.com

اچھا تو آپ کی بیٹی مان گئ ہے

وہ تو مجھ سے محبت کرتی تھی

شٹ اپ آرش

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جاؤ تم اب یہاں سے

میں حدی سے ملے بغیر نہیں جاؤں گا

حدی حدی وہ جو ابھی تلاوت سے فری ہوئی تھی مانوس آواز

سن کر باہر نکلی تھی سامنے آرش نوریز کو دیکھ کر اس کا تنفس بگڑا تھا

تم یہاں کیا کرنے آئے ہو

تم نکلو یہاں سے آرش ورنہ میں پولیس کو بلوا لوں گا

انکل پلیز مجھے حدی سے بات کرنے دیں

مجھے تم سے کچھ کہنا ہے مجھے تم سے اب کچھ نہیں سننا

سمجھے تم اور چلے جاؤ آرش مزید مجھے اور میرے والدین کو پریشان مت کرو

اس سے پہلے کہ میں اپنا ضبط کھو بیٹھوں چلے جاؤ یہاں سے

میری بات سنو حدی وہ اس پہ چیخا تھا

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تم کس سے شادی کر رہی ہو

تم صرف میری ہو اور کسی کا ہونے نہیں دوں گا میں تمھیں وہ اپنا ضبط کھو بیٹھا تھا

حدی کی شادی کا سن کر اس کا مزید برا حال ہو گیا تھا

شٹ اپ آرش میں تمھاری زر خرید غلام نہیں ہوں

میں کوئی تماشا نہیں ہوں کوئی گڑیا نہیں ہوں

مجھے کمزور مت سمجھنا اب

تھو ہے تم پہ تمھاری گھٹیا محبت پہ اس نے اس پہ تھوک دیا

وہ دو سال کا غبار آج باہر ابلنے کو بے تاب تھا

www.novelsclubb.com

آخر کب تک وہ گھٹ گھٹ کر مرتی رہتی

اپنی بکواس بند کرو اور ایک دن دیتا ہوں ایک دن کے بعد آرش نوریز تمھیں اپنا بنا کر نہ لے گیا تو

تھوک دینا اس کے منہ پہ تمھارے منہ سے محبت کے گول جڑتے دیکھے ہیں یہ زہر دے کر تم نے مجھے ضد میں ڈال دیا ہے دیکھ لوں گا تمھارے اس بے غیرت کو بھی

اشرف غنی نے پولیس کو کال کر دی تھی مگر اپنی پولیس کب موقع پہ پہنچی ہے جو آج پہنچ جاتی

وہ وارن کرتا باہر نکل گیا تھا

اشرف غنی ڈھے سے گئے تھے

وہ حدی کو دھمکی لگا کر سید ھاہمدان درانی کے ہاسپیٹل پہنچا تھا

www.novelsclubb.com

آپ یہاں سنا ہے آپ حدی سے شادی کر رہے ہیں

جی سہی سنا ہے

آپ جانتے ہیں وہ میری فیانسی تھی

تھی ناں ہے تو نہیں اور آپ کہنا کیا چاہتے ہیں

کہ ایہ چاہتا ہوں کہ اسے چھوڑ دو

ایک منٹ حدی کی کال آرہی تھی اس نے کال کنیکٹ کر کے چھوڑ دی

اچھا تو آپ میرے پاس آئے ہیں کہ میں حدی سے شادی نہ کروں کیوں وجہ جان سکتا ہوں محبت کرتا ہوں میں اس سے حدی نے دانت پیسے تھے جو وہ دوسری طرف کال لائن پہ آرش کی آواز سن کر خاموش ہو گئی تھی

تم ہوش میں ہو آرش نوریز وہ آپ سے تم پہ آیا تھا

بات ہی اس نے اتنی گھٹیا کی تھی

کوئی کیسے ایسے کرتا ہے کسی کے ساتھ انسان ہو تم یا جانور وہ لڑکی جب موت اور زندگی کے درمیان لٹک رہی تھی تم چھوڑ کر بھاگ گئے تھے وہ وقت بھول گئے تم وہ نازک سی لڑکی جینا ہی نہیں چاہتی تھی اسے زندگی سے ہی کوفت ہونے لگی تھی

www.novelsclubb.com

وہ پل پل مر رہی تھی تب تمھیں اس کے ساتھ ہونا چاہیے تھا اسی ہفتے تمھاری شادی تھی سب تیاریاں مکمل تھیں

یہ حادثہ تمھارے ساتھ بھی تو پیش آسکتا تھا

اگر ایسا ہوتا تم معذور بھی ہو جاتے تو وہ لڑکی تم سے شادی کرتی آرش کیا تم بھول گئے اور اب کس بنا پہ شادی کرنا چاہتے ہو اس سے کیا تم نے حدی سے پوچھا ہے

تم اس فلسفے کو رہنے دو ہمدان میں تمھیں منہ مانگی قیمت دوں گا اسے چھوڑنے کیلئے

شٹ اپ آرش ہر کوئی تیری طرح کمینہ نہیں ہوتا گریبان چھوڑو میرا آرش یہ میرا آفس ہے یہاں تماشا مت کرو

www.novelsclubb.com

میری بات سنو

مجھے کچھ نہیں چاہیے جاؤ تم حدیبیہ کے پاس وہ اگر تمھارے ساتھ خوشی سے قبول کرتی ہے تو میں اس کی خوشی میں خوش ہوں

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور سنو محبت تم نے نہیں کی اس نے کی تھی

تم محبت کرتے تو آج اس کی خوشی میں خوش ہو جاتے

محبت تو خوشی دیتی ہے محبوب کو تم اسے کیا دے سکے

تم بکواس بند کرو میں دیکھ لوں گا تم سب کو سمجھے تم

وہ چیز اٹھاتا تیزی سے باہر نکلا تھا

حدی نے کال ڈسکنکٹ کر دی تھی

اس کے دل میں ہمدان کے لیے عزت ضرور بڑھ گئی تھی

اور محبت کی پہلی منزل عزت ہی ہوتی ہے

www.novelsclubb.com

❤️❤️

آرش ریش ڈرائیونگ کرتا گھر پہنچا تھا

مگر اس کے لیے ایک بری خبر منتظر تھی

ٹینا نے میڈیکل سے ٹیبلیٹ لے کر یوز کر لیں تھیں اس کی حالت بہت خراب تھی

سمیہ رمضان نے اسے کال کر کے گھر جلدی آنے کو کہا تھا

وہ ہاسپٹل لے کر بھاگا تھا ہمدان کا کلینک ہی اسے سب سے قریب ترین لگا تھا

ہمدان کلینک سے نکل رہا تھا

مگر وہ ڈاکٹر تھا اسے اپنا فرض ادا کرنا تھا

ڈاکٹر حمنہ آپ دیکھیں ان پیشنٹ کو

ڈاکٹر ہمدان ان کا ڈی این سی مسٹ ہو گا

آپ تیاری کرو

www.novelsclubb.com

افسوس سے کہنا پڑھ رہا ہے آرش تمھارا بچہ مس کیری ہو گیا ہے

لیکن ٹینا اب ٹھیک ہے مل لو جا کر تم

وہ تیزی سے اندر بڑھا تھا

مار دیا میرا بچہ ڈائین تم نے وہ اس پہ چلایا تھا سر پلیز یہ ہاسپٹل ہے شٹ اپ

وہ آگے بڑھا اور اس کے ڈریس لگی ہوئی کھینچ لیں وہ درد سے کراہ اٹھی تھی یہ کیا کر رہے ہیں آپ ڈاکٹر ہمدان ٹینا کے ہسبینڈ کو دیکھیں آپ آکر آرش نکلو تم باہر یہ ہو جاتا ہے اس میں ٹینا کا کیا قصور ہے وہ بھی تو ایک ماں ہے

یہ ماں نہیں ڈائین ہے کھا گئی اُپنے ہی بچے کو

نرس ڈرپ لگاؤ جلدی پیشنٹ کی حالت سہی نہیں ہے وہ

تکلیف میں تھی مگر یہ تکلیف اس کی اپنی مول لی ہوئی تھی

ہمدان سمجھا بجھا کر باہر لے گیا تھا

مگر غصے سے اس کی رگیں اُبھری ہوئی تھیں غصہ حرام ہے آپ وضو کر لیں

چھوڑو مجھے پلیز وہ گاڑی لے کر بے مقصد روڈ پہ گھوم رہا تھا

اسے اتنا غصہ آ رہا تھا کہ وہ ٹینا کو شوٹ ہی کر دے

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس کے غم کی رات بڑی تھی کٹ ہی نہیں رہی تھی

وہ گھر آگیا ہمدان کی کی کالز آچکی تھیں مگر اس نے ریسیو نہیں کی تھی

موم میں کمرے میں جا رہا ہوں پلیز مجھے کوئی بھی ڈسٹرب نہ کرے

حدی خدا کے لیے کال اٹھاؤ

وہ بار بار کال کر رہا تھا مگر حدی نے سیل ہی آف کر دیا یو اپڈیٹڈ آرش نے غصے سے ایک دیوار میں دے مارا

نہیں کرتا میں تم سے محبت وہ سکون آور چھ ٹیبلیٹ ایک ساتھ کھا گیا

اسے ایک پل بھی سکون نہیں آرہا تھا اسے ایسا لگ رہا تھا جیسے رفتہ رفتہ وہ ختم ہو رہا ہے

اس نے اپنے بال مٹھی میں جکڑے تھے

اس کی ایک سائیڈ میں شدید درد کی لہر سی اٹھی تھی

www.novelsclubb.com

اسکے سر کا درد بڑھ رہا تھا اس نے دبیز قالین سے دوبارا فون اٹھایا تھا

ڈیڈ آپ گھر پہ ہیں ہوں وہ شاید نیند میں تھے

آرش سب خیریت ہے ناں کیا ہوا ہے

ڈیڈ میرا سر گھوم رہا ہے اور اس سے آگے کچھ بولا ہی نہیں گیا تھا

مگر سمیہ رمضان اور صفدر اوپر بھاگے تھے

دروازہ کھل تھا

آرش نیچے ہی دہرا ہوا پڑا تھا

شاید اس کے گناہوں کے کفارے کا وقت آن پہنچا تھا

www.novelsclubb.com

کیا ہوا ہے اسے یہ ابھی تو گیا تھا یا سپٹل پھر ایسا کیا ہوا

پتہ نہیں آپنے روم میں گیا تھا اس کے کچھ دیر بعد ڈیڈ جو کال کر کے بلایا ہم اوپر گئے

تو اس کا منہ ایسے ہی اڑھا ہو رہا تھا

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیا ہوا ہے اسے وہ ٹھیک تو ہے

ہاں وہ ٹھیک ہے آپ آنٹی ٹینشن نہ لیں آپ ریسٹ کریں پھوپھو آپ ان کا خیال رکھیے گا آپ انکل میرے ساتھ آفس آئیں مجھے کچھ میڈیسن لکھ کر دینی ہیں جو آپ کو باہر سے منگوائی ہوں گی

مگر آپ دونوں کے لیے ایک بری خبر ہے آپ کو حوصلہ رکھنا ہوگا انکل آپ کو اور آنٹی کو بھی سنبھالنا ہوگا

کیا ہوا ہے بیٹا جلدی بتاؤ میرا دل ہول رہا ہے اسی لیے آپ کو آفس لے آیا ہوں

آرش کو فالج ہوا ہے اور لقوہ بھی

اس کی رائٹ سائیڈ مفلوج ہو گئی ہے اور فیس بھی تھوڑا ٹیڑھا ہو گیا ہے

یااللہ خیر ان کے ماتھے پہ پسینے کی بوندیں ابھریں تھیں

www.novelsclubb.com

آپ کو حوصلہ رکھنا ہوگا کیونکہ آپ کو آنٹی اور آرش دونوں کو دیکھنا ہوگا

ٹینا بھی اب بہتر ہے آپ کو اس کو سنبھالنا ہے

ٹھیک ہے بیٹا تم کروان کا ٹریٹمنٹ میں اور کیا کر سکتا ہوں

بے بس ہوں اللہ تعالیٰ کی زات کے آگے اللہ نے چاہا تو وہ دوبارہ ٹھیک ہو جائے گا

انشاللہ

انسان کیا چیز ہے ایک چیونٹی سے زیادہ کمزور ہے

سمجھتا شیر سے بھی زیادہ ہے خود کو چار پانچ گھنٹے پہلے وہ شیر بن کر میرے سامنے آیا

تھا اور اب میرے سامنے کتنا بے بس پڑا ہے

www.novelsclubb.com

واہ اللہ تیرا مکافات عمل ہے

یہ یا کوئی امتحان یا کوئی آزمائش ہماری ناقص عقل نہیں سمجھ سکتی اس بات کو یا اللہ

اس شخص کو اس کے والدین کے لیے شفا عطاء فرمائے آمین یارب

وہ کافی دیر اس کے پاس موجود رہا اور پھر باہر نکل آیا تھا

❤️❤️❤️

ہانی جی ہمدان بھائی اس نے اسے کال کی تھی تیار ہو جاؤ حدی کے ساتھ شاپنگ پہ چلی جاؤ اور سنو ہانی حدی کو با اتنا کہہ دینا کہ ٹینا اور آرش کینیڈا چلے گئے ہیں وہ اس کی کنڈیشن کا سن کر پریشان ہو جائے گی

اور میں مزید اسے اس بے حس شخص کے لیے پریشان نہیں دیکھ سکتا

جی ہمدان بھائی مگر آپ نہیں آرہے

میں رات میں کسی وقت چکر لگاؤں گا ہاسپٹل میں میرا ہونا ضروری ہے اپنا خیال رکھنا

www.novelsclubb.com

جی بھائی اللہ حافظ

میں کیوں اس شخص کے لیے اتنا گڑگڑا رہی ہوں یہ محبت بھی نہ انسان کو بہت بے بس کر دیتی ہے

ہانی کی رات سجدوں میں گزری تھی اس کی سوئی ہوئی محبت نے انگڑائی لی تھی

دو گھنٹے بعد وہ حدی کو زبردستی شاپنگ مال لے گئ تھی

انکل اور آنٹی بھی اسے آنے نہیں دے رہے تھے وجہ آرش کی رات کی دی ہوئی دھمکی تھی

مگر وہ سچائی نہیں جانتے تھے اس لیے ڈر رہے تھے کسی اور انہونی سے

ہانی آرش واپس نہیں جانا چاہتا تھا تم ہی بتا رہی تھی پھر کیوں واپس چلا گیا بس اسے اپنی غلطی کا احساس ہو گیا تھا اس لیے رات کو ہی چلا گیا اس کے گلے میں کچھ اٹکا تھا اندر جیسے سوئیاں چبھنے لگی تھیں

www.novelsclubb.com

تمھیں کیا ہوا ہے تمھاری رنگت زرد کیوں ہو رہی ہے کچھ نہیں رات کو سوئی نہیں اس لیے عجیب سی کیفیت ہو رہی ہے چلو تم کیا لو گی

شاپنگ تو میری مکمل ہے ساری بس میچنگ کی کچھ چیزیں لینی ہیں اور بارات کا ولیمہ کا جوڑا لے لیا وہ ابھی نہیں لیا ہمدان نے منع کیا ہے کہہ رہا تھا میں لوں گا اپنی پسند سے

شادی پہ میری پسند کا پہنو گی اور شادی کے بعد کہاں تم میرے قابو آؤ گی وہ کھوئے ہوئے لہجے میں بولی تھی ہمدان کے نام پہ وہ ہلکا سا مسکرائی تھی اوہ اچھا

یہ ہمدان بھائی اتنے رومنٹک ہیں میں تو جان ہی نہیں پائی میں تو سمجھ رہی تھی وہ بکس کے کیڑے ہیں بس

www.novelsclubb.com

اب چلو یہاں کھڑے کھڑے ہی سب باتیں کرو گی کیا چلو اندر چلتے ہیں

ہانی کون سے مال میں ہو پاری مال

اوکے بائے

وہ ڈریکٹ اوپر آیا تھا

ہیلو لیڈیز آپ یہاں آپ تو کہہ رہے تھے میں بزی ہوں

تھا تو بزی مگر میری بھی پہلی اور آخری شادی ہے

سوچا میں بھی کچھ لے لوں شادی کے بعد تو تمھاری ہی فرمائشیں پوری کروں گا پھر

اپنے بچوں کی اس نے دوسرا لفظ اس کے کان میں کہا تھا

اونہوں ہووووں ں

آپ کی بہن بھی ادھر ہی ہیں او بہنا میں نے تمھیں غلطی کر لی اپنا پارٹنر بنا کر

www.novelsclubb.com

مجھے بھی آپ کی جیب ہلکی کرنی ہے چلو زرا شاپنگ کر لیں

وہ شاپنگ کر کے اسے گھر ڈراپ کر کے سیدھا ہاسپٹل پہنچا تھا

وہ اپنے پیشہ سے بہت زیادہ مخلص تھا دشمن کا بھی برا نہیں سوچتا تھا

اور آرش سے بڑا اس کا کون دشمن ہو سکتا تھا

مگر رقیب اپنی جگہ تھا تو وہ میرا پیشنٹ بھی

شادی سادگی سے بخوبی انجام پا گئی تھی

حدی دلہن بنی خوبصورت لہنگا بیڈ پہ پھیلائے ڈاکٹر ہمدان درانی کے انتظار میں

خوبصورت پھولوں سے سجے محل نما کمرے میں دل میں ہزاروں خواب لیے بیٹھی تھی

بیٹھو یار ہمدان کہاں چل دیے اس کے کزنز اور فرینڈز اسے جان بوجھ کر گھیر کر بیٹھے تھے

ظالموں میری شادی ہوئی ہے اتنی دیر سے تم لوگوں کی بھابھی میرا ویٹ کر رہی ہے

www.novelsclubb.com

اور تم سب پہ بھی آنے والا ہے یہ ٹائم دیکھنا کیسے گن گن کر بدلے لیتا ہوں ابھی تو ایک ہوں دیکھنا ہم دو ہوں گے

اور پھر پوچھوں گا حال تم لوگوں کا

اب سڑو تم یہاں مجھے جانے دو بائے

اوئے رک تو یار کہاں جا رہا ہے دیکھ تو اس کو تو گر بتا نے تھے یہ تو ابھی سے پاگل ہو رہا ہے

ہاہاہاہاہا اس نے اپنے پیچھے ان کا قہقہہ سنا تھا

کسی ہو جان ہمدان اس نے اس کی ٹھوڑی اور کی تھی

www.novelsclubb.com

اس کا شرم سے مزید سر جھک گیا

بہت پیاری لگ رہی ہو

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیااس چہرے کے ساتھ بھی میں پیاری لگ رہی ہوں اس نے اس کی ٹھوڑی چھوڑ کر

اس کے دونوں ہاتھ تھامے تھے

حدی مجھ سے پرامس کرو آج کے بعد اس چہرے کغ بارے میں کچھ نہیں سوچو گی

اور میں نے سرجری کروانے کے لیے بات کرلی ہے مجھے تم ہر صورت میں قبول ہو

سرجری کی بات ابھی اس لیے کہہ رہا ہوں کہ تم یہ نہ سمجھو مجھے کوئی پرابلم تھی

اور یہ تمھارا اور میرے پیار کا پہلا گفٹ ہے

رنگ تو میں لے نہیں سکا کیوں کہ تم نے میری رنگ کی قدر نہیں کی یہ پائل ہے

www.novelsclubb.com پاؤں کرواپنے آگے

کیاوہ اچھلی تھی اسے بہت شرم محسوس ہورہی تھی

کرو ناں میں خود پہناؤں گا جی اس نے ناچاہتے ہوئے بھی دونوں پاؤں آگے

پھیلائے تھے یہ میرا پیار ہے حدی

اس نے کا ماتھا چوما تھا

ہمدان تو اسی دن لٹو ہو گیا تھا جس دن تم نک سوٹ میں بریانی لے کر پھوپھو کے گھر

آئی تھی

میں نے پھوپھو سے بات کی مگر تمھاری شادی کی خبر می تو دل میں کچھ ٹوٹا ضرور تھا

مگر نیت بد نہیں تھی

شاید میرے جزبے سچے تھے جو چار دن بعد ہی سب سامنے آگیا

اور ابھی تم میرے پاس میرے ساتھ ہو یہ دیکھو دھڑکن میری

تمھارا ہی نام لے رہی ہے اس نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے دل پی رکھ تھا

حدی نے بھی سب بھلا کر سر اس کے سینے پہ رکھ دیا تھا

میری سوچ کے برعکس ہوا ہے یہ سب اس نے دل میں سوچا

مگر سہی کہا آپ نے آپ کے جزبے سچے تھے

میں بھی بس ضیغم سے شادی نہیں کرنا چاہتی تھی اس لیے اس وقت کوئی بھی ہوتا تو مجھے منظور ہوتا

آؤ حدی دو نفل نماز ادا کر لیں آج اللہ نے مجھے سرخروئی دی ہے اور تمھیں اتنا ہینڈسم ڈاکٹر آخر میں وہ شرارت کر گیا

اچھا تو میں خوبصورت نہیں ہوں

تم تورانی ہو میرے دل کی میری شہزادی

www.novelsclubb.com

وہ ایک بار پھر اس پہ جھکا تھا

دونوں نے چینج کر کے نوافل ادا کیے اور پھر

اپنی نئی زندگی کا آغاز کیا

دونوں کے پیار میں رات بھیگ رہی تھی

ایک نئ خوشیوں بھری زندگی ان کی منتظر تھی

❤️❤️

تین ماہ بعد

تم کہاں جا رہی ہو ٹینا میں اپنے گھر جا رہی ہوں آرش نوریز اس نے اس کی آنکھوں میں دیکھ کر صاف صاف بولا

کک کک کی کی کی یوں

وہ ہکلا کر بول رہا تھا

بولنے سے منہ ٹیڑھا ہوتا تھا اس کا

کیوں جا رہی ہوں اس اپاہج شخص کے ساتھ نہیں رہ سکتی میں

اور یہ منہ اسے دیکھ کر مجھے ڈر لگتا ہے

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس کے الفاظ تھے یا زہر میں بجھے تیر

مجھے آج اتنی تکلیف کیوں ہو رہی ہے

تین منتھ سے جھیل رہی ہوں میں تمھیں

رات رات بھر نہیں سو سکتی

قید خانہ لگ رہا ہے یہ

قید ہو کر رہ گئی ہوں میں یہاں

اب اور نہیں رہ سکتی اور تم مر جاتے تو زیادہ بہتر تھا

سب اس مصیبت میں مبتلا نہ ہوتے

www.novelsclubb.com

تم خود کو ہلا جلا نہیں سکتے

منہ ہلاتے ہو تو ایسا لگتا ہے جیسے بد صورت بندر کا منہ پھس گیا ہو

بابا سں کر دوٹی ن اا الفاظ ادا پہلے ہی نہیں کر سکتا تھا وہ رہتی سہتی کسر ٹینا نے کر دی تھی

اس ک سانس اکھڑنے لگ تھا

وہ ٹیک لگا کر بیٹھنا چاہا رہا تھا

مگر اس سے ہلا تک نہیں جا رہا تھا اور جیسے وہ سہارا سمجھ رہا تھا وہ تو اتنا زہر بھر کر بیٹھی تھی

م ی ں ط ل اق د ی د ی ت اہ وں ت یں

وہ الفاظ جوڑنے کی بھرپور کوشش کر رہا تھا

www.novelsclubb.com

میں تمھیں طلاق دیتا ہوں

تم میری وجہ سے اپنی زندگی مت خراب کرو جاؤ میں نے آزاد کیا تمھیں

اور وہ خوشی خوشی گھر سے نکل گئی تھی

❤️❤️

چھ ماہ کی مسلسل کوشش کے بعد ہانی اسے باہر نکالنے میں کامیاب ہو گئی تھی وہ اس

کی فزیوتھراپی کرتی اس کو ایکسرسائز کرواتی وہ کامیاب ہو رہی تھی

اس کے بولنے میں پھر سے روانی آ گئی تھی

کم

کمرہ ہانی نے نیچے سیٹ کیا تھا اپنا

شادی کو تین منتھ سے اوپر ہونے والے تھے

آرش کا احساس جرم تھا کہ بڑھتا ہی جا رہا تھا

اس کو چپ لگ گئی تھی جیسے

وہ کچھ بھی نہیں کہتا تھا کوئی فرمائش نہیں کوئی ضد نہیں

چھ ماہ سے اس نے آئینہ نہیں دیکھا تھا

www.novelsclubb.com

آرش میں آپ کو بلاتی رہتی ہوں آپ مجھے دیکھتے کیوں نہیں ہیں

وہ شرم سے نگاہ جھکا لیتا

ہانی وہ اسے لان میں لے آئی تھی شام کے سائے بہت بھلے لگ رہے تھے

آرش آج آپ کو ہمت کرنا ہو گی آج خود واک کرو بنا سہارے کے

ڈاکٹرز نے اب اسے چلنے کو کہا تھا اور وہ ٹھیک ہو رہی تھی

بہت اچھے فزیو تھراپسٹ سے اس کا علاج چل رہا تھا مگر

پیار اور توجہ سے بڑی کوئی ہمت نہیں ہوتی طاقت نہیں ہوتی

وہ ابھی بھی سر جھکا گیا تھا

www.novelsclubb.com

اسے ہانی سے شرمندگی ہوتی تھی

اس نے کبھی ایک پیار بھری نظر بھی اس پہ نہیں ڈالی تھی

مگر یہ لڑکی اس اپاہج کے ساتھ شادی کی ضد کرے گی

نہ صرف ضد کرے گی بلکہ شادی کر بھی لی

اور میں کیسے مان گیا میں بھی مان گیا موم کی خواہش کے آگے بھی اور میری پسند کہاں گئی

اس نے مجھے تین ماہ ہی زلیل کر کے رکھ دیا میں ساری رات پانی کے لیے تڑپتا رہتا اور اس کے جوؤں تک نہیں رینگتی

موم منہ دھلواتی تھی اسے گھن آتی تھی آرش سے

جس کی وجہ سے اس کی یہ حالت ہوئی تھی

اس نے ایک بول بھی ہمدردی کا نہیں بولا تھا

حدی کے ساتھ ناجائز کیا میں نے یہ تب کیوں نہیں سوچا میں نے

کہ یہ حادثہ میرے ساتھ بھی ہو سکتا تھا

www.novelsclubb.com

کیوں نہیں سوچا کتنی بڑی سزا ملی ہے مجھے اس کی آنکھوں سے زار و قطار آنسو بہہ رہے تھے

آرش ہانی نے آواز لگائی تھی

مگر اس نے سر نہیں اٹھایا تھا

وہ اس کے سامنے دوزانو بیٹھی تھی

آرش ہانی اس نے اس کے ہاتھ مضبوطی سے پکڑ لیے تھے

مجھے معاف کر دو

تم بہت اچھی ہو ہانی میں تمھاری محبت کو جان نہ سکا معاف کر دو

www.novelsclubb.com

وہ اس کے ہاتھ ہونٹوں تک لے جاتے ہوئے بولا تھا

میں نے تو آپ کو اسی دن معاف کر دیا تھا جس دن آپ نے مجھے قبول ہے قبول ہے کہا تھا

ہانی اس کی آنکھوں سے آنسو اپنی پوروں سے چنے تھے

کیا اتنی محبت کرتی ہو مجھ سے

اس سے بھی زیادہ

تم بہت خیال رکھا تم نے میرا میں اب تمھیں کوئی تکلیف نہیں ہونے دوں گا ص

ہانی میں تو لنگڑا ہوں تمھارے ساتھ کہیں جا بھی نہیں سکوں گا

اس نے شرارت کی تھی

اب ایسی بھی بات نہیں ہے مجھے آپ ہر حال میں قبول ہیں

بس یہ طریقہ غلط ہے ایسا کبھی نہیں چاہا تھا

www.novelsclubb.com

اچھا وہ کھڑی ہو گئی تھی

آرش نوریز بھی اپنے سہارے پہ کھڑا ہوا تھا

مگر ابھی وہ زیادہ زور نہیں دے پاتا تھا

اپنی ٹانگ پہ نہیں میں کرلوں گا تم ادھر آؤ اس نے اسے اشارے سے اپنی طرف

بلایا تھا

آرش نے اس کی کمر کے گرد بازو حائل کیے تھے یہ کیا کر رہے ہیں گھر میں ملازم ہیں

کچھ تو لحاظ کر واوہ سوری میں بھول گیا تھا

چلو تھوڑی واک کرواؤ اور پھر آنٹی کی طرف چلتے ہیں

اوکے ڈن ہو گیا اور مسکراتے ہوئے واک کروانے لگی تھی

دیر سے ہی سہی ہانی آرش مل ہی گیا تھا

اور آرش نوریز بھی محبت کرنے لگا تھا ہانی سے

www.novelsclubb.com

کیونکہ کہ جو ہانی نے کیا تھا وہ اس کی بے لوث محبت کے سوا کچھ نہ تھا

حدی اور ہمدان ہنی مون کا ٹرپ ختم کر کے ام ہانی سے ملنے آئے تھے

مگر ہانی کی شادی ہو گئی ہے بیٹا آرش سے

پھوپھو آپ نے ہانی کو قربانی کا بکرا کیوں بنا دیا آپ جانتی تھیں آرش کی حالت

ہمدان بھول گیا تھا

کہ وہاں حدی بھی موجود ہے مگر پھر اسے فوراً

احساس ہوا تھا

اس نے حدی کو اس کی کنڈیشن بتا دی تھی

ہانی نے ہی ضد کر کے اس سے شادی کی ہے

میں ماں ہو کر اس کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتی تھی

تم جانتے ہو اس نے بہت سارے رشتے ٹھکرائے تھے وہ ہامی ہی نہیں بھرتی تھی اور

میں اس کے ساتھ زبردستی کی قائل نہیں تھی وہ بچپن سے ہی آرش سے محبت

کرتی آئی ہے

میں بھی اس کی ضد کے آگے ہار گئی

ایک بوجھ سر کا تھا حدیبہ اشرف غنی کے سر سے

ارے حدی اور ہمدان بھائی آئے ہیں

اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا تھا

آرش نوریز وہیل چیئر پہ بیٹھا تھا اور اس کے پیچھے ہانی کھڑی چہک رہی تھی

حدی کھڑی ہوئی تھی مگر اس سے پہلے آرش نے اپنے دونوں ہاتھ اس کے سامنے باندھ دیے تھے

مجھے معاف کر دو تم دونوں حدی

اور ہمدان تم بھی

www.novelsclubb.com

ہمدان آگے بڑھا تھا مگر حدی نہ بڑھ سکی

اس کے دل سے ایک ہوک اٹھی تھی آخر تم چوٹ کھا کر ہی احساس کر پائے ناں

آرش نوریز

حدی ہانی آگے بڑھی تھی اسے گلے لگایا تھا

معاف کر دو آرش کو اس نے اپنے حصے کی سزا کاٹ لی ہے

پلیز مجھے جب تک تم معاف نہیں کرو گی

میرا احساس جرم مجھے سکون سے نہیں رہنے دے گا

میں نے معاف کیا آپ کو اس کی آواز بھیگی تھی مگر وہ کمال مہارت سے چھپا گئی

ہمدان کے ساتھ اب میں کوئی زیادتی نہیں کر سکتی

چاروں مل کر خوش گپیوں میں مصروف ہو گئے

ختم شد

www.novelsclubb.com